عوام،منگل کو ہڑتال مسترد کرکے اپنا کاروبار زندگی معمول کے مطابق جاری رکھیں،رابطہ کمیٹی

سیاسی بازیگر اپنے مذموم مقاصد کیلئے عوام کو استعمال اور بلاجواز ہڑتال کی آڑ میں امن وامان کو تباہ کرنا چاہتے ہیں

کراچی ۔۔۔10، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے عوام خصوصاً سندھ کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کل یعنی منگل کو اے پی ڈی ایم کی جانب سے کی جانے والی ہڑتال کو مسترد کرکے امن وامان تباہ کرنے کی اس سازش کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اے پی ڈی ایم اور مسلم لیگ (ن) کے سیاسی بازیگر اپنے مذموم سیاسی مقاصد کیلئے عوام کو استعمال کرنا چاہتے ہیں اور بلاجواز ہڑتال کی آڑ میں امن وامان کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے ماؤں، بہنوں، بزرگوں،نوجوانوں، تاجروں، دکانداروں،ٹرانسپورٹروں اور عوام سے اپیل کی کہ ان سیاسی بازیگروں کے مذموم مقاصد کیلئے ہرگز استعمال نہ ہوں اور منگل کو اپنا کاروبار زندگی معمول کے مطابق جاری رکھیں اور بلاجواز کی جانے والی ہڑتال کو مسترد کرکے ان سیاسی بازیگروں کی جانب سے امن وامان تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیں۔

سانحہ 12 مئی کے مقدمے کی سماعت پیر 17 ستمبر تک کے لئے ملتوی کردی گئی

کراچی ۔۔۔10 ستمبر 2007ء۔۔۔سندھ ہائیکورٹ کے جسٹس جناب جسٹس سرمد جلال عثمانی، جناب جسٹس مشیر عالم، جناب جسٹس انور ظہیر جمالی، جناب جسٹس عزیز اللہ میمن، جناب جسٹس مقبول باقر، جناب جسٹس عارف خلجی اور جناب جسٹس علی سائیں ڈینو ماتھیلو پر مشتمل ایک بینچ نے سانحہ 12 مئی کے حوالے سے مقدمے کی سماعت مختصر سماعت کے بعد پیر 17 ستمبر تک کے لئے ملتوی کردی،بینچ کے سربراہ جناب جسٹس سرمد جلال عثمانی ہیں۔اس سے قبل کراچی کے ہزاروں شہری جن میں خواتین کی بھی ایک بڑی تعداد موجود تھی سندھ ہائیکورٹ پہنچی۔وہ سماعت کے موقع پر عدالت سے استدعا کرنا چاہتے تھے کہ وہ بھی سانحہ 12 مئی کے چشم دید گواہ ہیں اور اس مقدمے میں فریق بن کر تحریری حلف نامہ داخل کرنا چاہتے ہیں اور بتانا چاہتے تھے کہ سانحہ 12 مئی کو انہوں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور ان دہشتگردوں کو دیکھا ہے جنہوں نے پرامن ریلی پر دہشتگردی کرکے اندھادھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں موقع پر معصوم شہریوں کی ہلاکتیں ہوئیں۔اس موقع پر وہ اپنے ہمراہ تحریری حلف نامے بھی لائے تھے جسے وہ عدالت میں پیش کرنا چاہتے تھے۔تاہم عدالت نے کمرہ عدالت کے بجائے، اپنے چیمبر میں اس مقدمے کی مختصر سماعت کرکے اگلی سماعت 17 ستمبر بروز پیر تک کیلئے ملتوی کردی۔سماعت کے موقع پر ایم کیوایم کے وکلاء اور قانونی ماہرین بھی موجود تھے۔

سانحہ 12 مئی مقدمے کی سماعت پاکستان اور غالباً پوری دنیا میں مقدمہ انتہائی منفرد مقام ہے

جہاں ہزاروں چشم دید گواہ فریق بننا چاہتے ہیں،معروف قانون دان

کراچی ۔۔۔10 رستمبر 2007ء۔۔۔سندھ ہائیکورٹ میں سانحہ 12 مئی کے مقدمے کی سماعت کے موقع پر موجود ممتاز و معروف قانون دانوں نے اس امر کا برملا اظہار کیا ہے کہ پاکستان اور غالباً پوری دنیا میں یہ مقدمہ اس لحاظ سے انتہائی منفرد ہے کہ اس میں ہزاروں کی تعداد میں چشم دید گواہ فریق بننا چاہتے ہیں اور عدالت عالیہ کے روبرو گواہی دینے کے خواہشمند ہیں ایک قانون دان نے یہ بھی کہا کہ اس مقدمے کی سماعت کیلئے عدالت عالیہ کا کمرہ تو درکنار عدالت عالیہ کی عمارت کا احاطہ بھی کم ہوگا۔لہٰذا اس مقدمے کی سماعت کو کسی بڑے وسیع وعریض میدان میں ہونی چاہئے جہاں ہزاروں کی تعداد میں گواہ عدالت کے روبرو موجود ہوں جہاں وہ اپنی گواہی اور حلف نامہ پیش کرسکیں۔

الطاف حسین آج 11 ستمبر کو گریجویٹ فورم کے اجتماع سے خطاب کریں گے

کراچی ۔۔۔10، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کل بروز منگل کی شام 7 بجے کشمیر روڈ اسپورٹس کمپلیکس میں گریجویٹ فورم کے اجتماع سے اہم ٹیلیفونک خطاب کریں گے۔جناب الطاف حسین کے سلسلے میں گریجویٹ فورم کی جانب سے انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے اور تمام شرکاء کو دعوت نامے ارسال کردیئے گئے ہیں جبکہ پنڈال اور اسٹیج کی تیاری کا کام اپنے آخری مراحل میں داخل ہوچکا ہے۔واضح رہے کہ گریجویٹ فورم سے جناب الطاف حسین کا خطاب 2 ستمبر کو ہونا تھا جو ناگزیر وجوہات کی بناء پر ملتوی کردیا گیا تھا۔اب یہ خطاب کل بروز منگل کو طے شدہ مقام پر ہوگا۔

اے پی ایم ایس او کے تحت آج ہومیو پیتھک کالج ناظم آباد میں تقریری مقابلہ ہوگا

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2007ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زیراہتمام کل بروز منگل کی صبح 10 بجے سینٹرل ہومیو پیتھک کالج ناظم آباد میں ''الطاف حسین ایک ولوالہ انگیز قیادت'' کے عنوان سے تقریری مقابلہ کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں کالج کے طلبہ وطالبات حصہ لیں گے اور مذکورہ موضوع کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ ہومیو پیتھک کالج ناظم آباد میں ہونیوالے تقریری مقابلے کے سلسلے میں اے پی ایم ایس او کی جانب سے انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے اور مقابلے میں حصہ لینے والے طلبہ وطالبات کے ناموں کے اندراج اور شرکاء محفل کو دعوت نامے بھی ارسال کئے جاچکے ہیں۔

ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر کے لاپتہ کارکن فقیر محمد کی والدہ محترمہ حشمت بی بی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137 کے لاپتہ کارکن فقیر محمد کی والدہ محترمہ حشمت بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے۔

☆☆☆☆☆